ارض و سما کہاں تیری وسعت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے وہ، کہ جہاں تو سما سکے
میں وہ فتادو ہوں کہ بغیر از فنا مجھے
نقش قدم کی طرح نہ کوئی اٹھا سکے
قاصد ! نہیں یہ کام ترا اپنی راہ لے
اس کا پیام دل کے سوا کون لا سکے
غافل خدا کی یاد پہ مت بھول زینہار
اپنے تئیں بھلادے، اگر تو بھلا سکے
یا رب ! یہ کیا طلسم ہے؟ ادراک وفہم یاں
دوڑے ہزار، آپ ست باہر نہ جا سکے

یا

اے کہ تیرا مرغ جاں تارِ نفس میں ہے اسیر
اے کہ تیری روح کا طائر قفس میں ہے اسیر
اس چمن کے نغمہ پیراؤں کی آزادی تو دیکھ
شہر جو اجڑا ہوا تھا اس کی آبادی تو دیکھ
فکر رہتی ہے مجھے جس کی وہ محفل ہے یہی
صبر و استقلال کی کھیتی کا حاصل ہے یہی
سنگ تربت ہے مرا گرویدۂ تقریر دیکھ
چشم باطن سے ذرا اس لوح کی تحریر دیکھ

Roll No..........................

# BAUL-302

## Urdu Shayeri

## (اردوشاعری)

Bachelor of Arts (BA-12/16/BAS-12) URDU

Third Year, Examination, 2017

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 60**

نوٹ:۔ یہ پرچہ تین حصّوں ’الف‘، ’ب‘ اور ’ج‘ پر مشتمل ہے۔ تمام حصّوں کے سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق تحریر کیجیے۔

(حصّہ الف)

مندرجۂ ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے جوابات مفصل تحریر کیجیے۔ ہر سوال کے ۱۵ نمبر ہیں۔

۲×۱۵=۳۰

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق اس طرح کیجیے کہ اس کی فنّی خوبیاں بھی واضح ہو جائیں۔

۲۔ جگر مرادآبادی کی غزل گوئی کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

۳۔ شامل نصاب میر تقی میر کی دوسری غزل لکھ کر اس کی تشریح کیجیے۔

۴۔ اقبال کی حیات کے مختلف گوشوں کو اُجاگر کیجیے۔

(حصہ ب)

درج ذیل سوالات میں سے کسی چار سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال کے ۵ نمبر ہیں۔ ۴×۵=۲۰

۱۔ نظم ''ہنس نامہ'' کی خصوصیت تحریر کیجیے۔

۲۔ مندرجہ ذیل بند کی تشریح کیجیے۔

دنیا کی جو الفت ہے تو اس کی ہدیہ کچھ راہ
جب شکل یہ ہووے تو بھلا کیوں کہ ہو نرباہ
ناچاری ہو جس جا میں واں کیجیے کیا چاہ
سب رہ گئے جو ساتھ کے ساتھی تھے نظیر آہ
آخر کے تئیں ہنس اکیلا ہی سدھارا

۳۔ میر نے آگرہ سے نکل کر کہاں کہاں کا سفر کیا۔اس سفر کی روداد بیان کیجیے۔

۴۔ درد کی صوفیانہ شاعری کو مثالوں سے واضح کیجیے۔





۵۔ جنوبی ہند کے کسی مشہور شاعر پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

۶۔ مثنوی ''بوستان خیال'' پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔

۷۔ سراج اورنگ آبادی کی پہلی غزل کا خلاصہ پیش کیجیے۔

۸۔ مجروح کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

(حصہ ج)

درج ذیل سبھی دس (۱۰) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ہر سوال ۱ نمبر کا ہے۔ ۱×۱۰=۱۰

نیچے دیے گئے معروضی سوالات کے صحیح جوابات اپنی کاپی میں تحریر کیجیے۔

۱۔ میر تقی میر کا انتقال کہاں ہوا؟

(الف) آگرہ

(ب) دہلی

(ج) لکھنؤ

(د) حیدرآباد

۲۔ ''نکات الشعراء'' کس کی تصنیف ہے؟

(الف) میرؔ

(ب) دردؔ

(ج) مصحفیؔ

(د) ان میں سے کوئی نہیں

۳۔ زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے۔ اس مصرع میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(الف) تلمیح

(ب) مراۃ النظیر

(ج) حسن تعلیل

(د) تشبیہ

۴۔ دردؔ کے والد کا نام کیا تھا؟

(الف) خواجہ محمد جابر

(ب) خواجہ محمد ناصر

(ج) سراج الدین خاں

(د) ان میں سے کوئی نہیں





۵۔ جگرؔ مرادآبادی کی جائے پیدائش ہے؟

(الف) مرادآباد

(ب) لکھنؤ

(ج) بنارس

(د) دہلی

۶۔ ''آتش گل'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(الف) مجروحؔ

(ب) جگرؔ

(ج) حالیؔ

(د) نظیرؔ اکبرآبادی

۷۔ ''جز تیرے کچھ نظر نہیں آتا'' کا مصرع ثانی ہے؟

(الف) اور جنت ہے کیا جہنم کیا

(ب) جانِ بیتاب وچشم پرنم کیا

(ج) جوش وفریاد وشور وماتم کیا

(د) آرزو بن گئی مجسّم کیا

۸۔ مجروحؔ کا پہلا شعری مجموعہ کب شائع ہوا؟

(الف) ۱۹۵۰ء

(ب) ۱۹۵۳ء

(ج) ۱۹۵۵ء

(د) ۱۹۵۸ء

۹۔ اقبالؔ کو ''سر'' کے خطاب سے کب نوازا گیا؟

(الف) ۱۹۲۳ء

(ب) ۱۹۲۶ء

(ج) ۱۹۳۱ء

(د) ۱۹۳۲ء

۱۰۔ حالیؔ کا استاد کون تھا؟

(الف) ذوقؔ

(ب) مومنؔ

(ج) غالبؔ

(د) ان میں سے کوئی نہیں